حافظ محمد نسیم حقانی
ناظم نشرواشاعت تحریک عمل کلاچی

تحریک عمل بنام وزیراعظم پاکستان

یوں بھی نواز حکومت اب ملک کے تمام خیروشر کا ذمہ دار ہے کیونکہ اسے دوتہائی اکثریت حاصل ہے۔ اس کے ساتھ وہ خود بھی فخریہ طور پر بار بار یہ اعلان کرتا رہا ہے کہ ہم کو آئین میں ترمیم کرنے کا پورا پورا اختیار حاصل ہے۔ چنانچہ ۲ جولائی ۱۹۹۷ء کے اخبارات میں شہ سرخیوں سے یہ خبر چھپ چکی ہے جو کہ بہ الفاظ "خبریں" اسلام آباد تاریخ مذکورہ یہ ہے۔

"نواز شریف نے آئین پر نظرثانی کا اعلان کردیا"

اور اس سے پہلی کی سطر میں آئین کے تضادات اور جمہوریت سے متصادم قوانین کو ختم کیا جائیگا کیا جمہوریت سے متصادم قوانین کو ختم کرنے کے اعلان پر فخر کرنیوالے حکمران کو یہ معلوم نہیں کہ اسی آئین میں اسلام سے متصادم قوانین بھی پائے جاتے ہیں۔ کیا دوتہائی اکثریت پر نازاں بادشاہ وقت کو یہ معلوم نہیں کہ اسی آئین میں ۸۵ء سے قرارداد مقاصد کا دستور کا جزو بنایا گیا ہے۔
کیا اکثریت کے نشہ سے مخمور وزیراعظم یہ نہیں جانتا کہ قرارداد مقاصد میں حاکمیت اعلیٰ اب بطور جزو دستور اللہ احکم الحاکمین کو حاصل ہے یعنی آخری فیصلہ اب قرآن وسنت اور اجماع امت کا تسلیم کیا گیا ہے۔ نہ سادہ اکثریت کا، نہ دوتہائی اکثریت کا بلکہ پوری اسمبلی کا متفقہ فیصلہ کا اور پھر کیا ملک کے اسے واحد حکمران کو یہ معلوم نہیں کہ حاکم اعلیٰ رب العالمین کے نزدیک بمطابق آیت کریمہ "لاتتخذو بطانۃ" اور حدیث پاک "لاتستضیئوا بناء المشرکین" اور اجماع امت کے ایسے ملک میں جسکا حاکم اعلی رب العالمین کو تسلیم کیا گیا ہو کوئی غیر مسلم اس کی بااختیار اسمبلی کا رکن نہیں بن سکتا۔ اور کیا ہمارے ملک کے وزیراعظم کو یہ معلوم نہیں کہ پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے اور کیا بحیثیت ایک مسلم لیگی کے یہ نہیں جانتا کہ اس ملک کا نظریہ اسلام اور "لاالہ الا اللہ" ہے اور کیا اسے یہ بھی معلوم نہیں کہ کافرانہ نظریہ رکھنے والے ملک بھی دوسرے نظریہ رکھنے والے ملک بھی دوسرے نظریہ رکھنےوالے افراد کو اپنی اسمبلیوں کا ممبر ہرگز منتخب ہونا نہیں برداشت کرتے۔ تو پھر جمہوریت

سے متصادم قوانین کو ختم کرنے کا کسی کو خوش کرنے کی خاطر کھلا اعلان کرنے والے کو اس ملک کے حاکم اعلیٰ رب العالمین اور احکم الحاکمین کو خوش کرنے کا ذرہ بھی خیال نہ آیا کہ اسلام سے متصادم قوانین کا بھی خاتمہ کردیا جاوے گا اس پر ہم شاعر مشرق کا یہ پیغام یاد دلانے کے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں کہ

بتوں سے تم کو امیدیں خدا سے نومیدی　　مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

یاد رہے جب تک تم خدا سے صلح نہیں کروگے سینکڑوں نہیں ہزاروں لوگوں کو دہشت گردی اور فرقہ واریت کے نام سے بدنام کرکے گرفتار کرتے رہو۔ تمہارا ملک فتنہ وفساد کا گہوارہ ہی رہے گا۔ نہ بھوک ختم ہوگی اور نہ ہی قرضے اترینگے۔

❁

قومی خدمت ایک عبادت ہے

اور

سروس انڈسٹریز اپنی صنعتی پیداوار کے ذریعے

سال ہا سال سے اس خدمت میں مصروف ہے

Servis

قدم قدم حسین قدم قدم آرام

خود انحصاری کی طرف ایک اور قدم

نیلم گلاس

رنگین شیشہ (Tinted Glass)

باہر سے منگانے کی ضرورت نہیں۔

چینی ماہرین کی نگرانی میں اب ہم نے رنگین عمارتی شیشہ (Tinted Glass)

بنانا شروع کر دیا ہے۔

دیدہ زیب اور دھوپ سے بچانے والا **فیلم** کا (Tinted Glass)

نیلم گلاس انڈسٹریز لمیٹڈ

ورکس، شاہراہ پاکستان حسن ابدال۔ فون: 563998 - 509 (05772)

فیکٹری آفس، ۲۸۴-بی راجہ اکرم روڈ، راولپنڈی فون: 568998 - 564908

رجسٹرڈ آفس، ۱۷-اے جی گلبرگ II، لاہور فون: 978640-871417